پھلا پھولا رہے یارب چمن میری امیدوں کا، جگر کا خون دے دے کر یہ بوٹے میں نے پالے ہیں
(سوہنا سائیں رحمۃ اللہ علیہ)

RTJ REG NO: 1767

# RTJ Quarterly Newsletter

# روحانی طلبہ جماعت سہ ماہی خبر نامہ

RTJpak RTJ_Pak RTJpak.com 92312237822

اتوار، 5 اکتوبر 2025ع، 10 ربیع الثانی 1447ھ

## مرکزی صدر محمد صدیق کی صاحبزادہ جعفر صادق طاہر طاہری سے ملاقات

### نوجوانوں کو تعلیم، اخلاق، مثبت کردار اور معاشی خود کفالت کی تلقین

روحانی طلبہ جماعت کی کاوشوں کو سراہا، مرشد مربی کی ہدایات کے مطابق مشن کے لیے عملی اقدامات جاری رکھنے پر زور



کنڈیارو، مرکزی صدر روحانی طلبہ جماعت پاکستان محمد صدیق طاہر نے مرکزی صدر جماعت اصلاح المسلمین پاکستان وچیئرمین روحانی طلبہ جماعت پاکستان صاحبزادہ جعفر صادق طاہر طاہری سے ملاقات کی۔ صاحبزادہ جعفر صادق طاہری نے روحانی طلبہ جماعت کی کاوشوں کو سراہا اور نوجوانوں کو تعلیم، اخلاق، تنظیمی کردار اور مثبت سرگرمیوں پر توجہ دینے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان فارغ نہ بیٹھیں بلکہ ہنر یا کاروبار اختیار کریں اور مرشد مربی کی ہدایات کے مطابق مشن کے لیے عملی قدم بڑھاتے رہیں

## روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے زیر اہتمام سیلف اسیسمنٹ ٹیسٹ 2025 کا ملک گیر کامیاب انعقاد

### سندھ میں چھ سال بعد فزیکل ٹیسٹ، پنجاب میں پہلی بار سیلف اسیسمنٹ ٹیسٹ کا انعقاد

### ٹیسٹ میں ملک بھر سے 615 طلبہ وطالبات کی بھرپور شرکت

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے زیر اہتمام سیلف اسیسمنٹ ٹیسٹ 2025 کا ملک گیر سطح پر کامیاب انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستان بھر سے 615 طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی جس میں طلبہ 310، طالبات 305 تھے کل 304 امیدواروں نے آن لائن رجسٹریشن کروائی، جن میں سے 292 نے فزیکل ٹیسٹ میں حصہ لیا جبکہ 12 امیدواروں نے آن لائن MDCAT ٹیسٹ دیا یہ ٹیسٹ سندھ میں بیک وقت 11 اضلاع (زون 1 اور زون 2) میں کامیابی سے منعقد ہوا۔ یہ سندھ میں چھ سال بعد فزیکل سیلف اسیسمنٹ ٹیسٹ کے انعقاد کا موقع تھا، جسے طلبہ، والدین اور منتظمین نے ایک اہم تعلیمی سنگِ میل قرار دیا۔ ٹیسٹ کے لیے امیدواروں سے محض 200 روپے فیس وصول کی گئی، جو کہ پیپر کتابچہ، انسر شیٹ، کوریئر، کوآرڈینیشن اور دیگر انتظامی اخراجات پر صرف کی گئی اس کامیاب انعقاد میں ایجوکیشن کمیٹی اور مرکزی قیادت نے بھرپور کردار ادا کیا مرکزی صدر محمد صدیق طاہری، مرکزی جنرل سیکریٹری عثمان آرائیں، مرکزی فنانس سیکریٹری امداد علی خشک، ڈاکٹر عدنان علی، ڈاکٹر جمشید، محمد فرہاد، راشد علی اور دیگر ممبران جنہوں نے پیپر سیکریسی، مینجمنٹ اور ٹیکنکل سپورٹ فراہم کی ٹیسٹ کے دوران پیش آنے والے چند انتظامی چیلنجز اور کمی کوتاہیوں کو تسلیم کرتے ہوئے عزم ظاہر کیا گیا ہے کہ آئندہ یہ ٹیسٹ مزید منظم، بہتر اور جدید انداز میں منعقد کیا جائے گا پنجاب میں یہ ٹیسٹ پہلی بار منعقد ہوا، جبکہ سندھ میں چھ سال بعد فزیکل ٹیسٹ کا انعقاد ایک بڑی کامیابی ہے



## عزم و استقلال کے پچاس سال

GOLDEN JUBILEE 05-10-1975

## تقدیر بدلے گا طاہری

## روحانی طلبہ جماعت کی پنجاب میں پہلی بار پری میڈیکل وانجینئرنگ سیلف اسیسمنٹ ٹیسٹ منعقد

### سیلف اسیسمنٹ ٹیسٹ میں پنجاب کے مختلف اضلاع سے طلبہ وطالبات کی بھرپور شرکت

### سیالکوٹ میں 15 ہزار طلبہ تک روحانی طلبہ جماعت کا پیغام پہنچا، سوشل میڈیا پر 20 ہزار ویوز

لاہور (پریس سیکرٹری): روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی جانب سے پنجاب میں پہلی بار پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ طلبہ کے لیے سیلف اسیسمنٹ ٹیسٹ 2025 کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ یہ ٹیسٹ ایجوکیشن کمیٹی کی زیر نگرانی اور مرکزی قیادت کی رہنمائی میں صوبہ بھر کے مختلف اضلاع میں منعقد ہوا۔ ٹیسٹ میں طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی، جس کا مقصد انہیں MDCAT اور ECAT جیسے اہم امتحانات کے لیے تیاری کے بہتر مواقع فراہم کرنا تھا نمایاں اضلاع و اعداد و شمار۔ نارووال: 70 طلبہ شریک 50 طالبات + 20 طلبہ، 5 بورڈ ٹاپرز شامل۔ سیالکوٹ، 75 طلبہ شریک، 15,000 طلبہ تک پیغام پہنچا۔ پاکپتن: 74 طلبہ شریک، MDCAT و ECAT طرز پر انعقاد۔ راولپنڈی، 5 طلبہ شریک۔ فیصل آباد، 9 طلبہ شریک، علیحدہ انتظامات۔ ساہیوال، 6 طالبات شریک، پنجاب میں پہلی بار اس نوعیت کا منظم اور کامیاب ٹیسٹ، شفافیت، نظم و ضبط اور بروقت انعقاد کی مثال قائم کی گئی، سوشل میڈیا پر 20,000 ویوز اور 1,000 کلکس حاصل ہوئے، ہزاروں طلبہ تک روحانی طلبہ جماعت RTJ کا پیغام پہنچایا گیا، سیالکوٹ میں 15 ہزار کے قریب طلبہ ووالدین کو RTJ کا تعارف کرایا گیا ایجوکیشن کمیٹی روحانی طلبہ جماعت پاکستان نے ٹیسٹ کے کامیاب انعقاد پر طلبہ، والدین اور تمام منتظمین کو مبارکباد دی۔



## روحانی طلبہ جماعت پاکستان باڈی کا خلیفہ عزیز الرحمٰن سے ملاقات

### وفد کی کامیاب وزٹس کے بعد ملاقات، رپورٹ بھی دی گئی

### وفد گروپ میں محمد عثمان، سعید بلوچ، ہمایوں علی، عظمت اللہ تھے

کنڈیارو، خلیفہ عزیز الرحمٰن طاہری سے درگاہ اللہ آباد شریف میں ملاقات، وفد میں محمد عثمان علی طاہری مرکزی جنرل سیکریٹری، سعید بلوچ طاہری مرکزی پریس سیکریٹری، ہمایوں علی طاہری مرکزی آڈیٹر، عظمت اللہ طاہری مرکزی معاون، کامیاب وزٹ کے اختتام پر درگاہ اللہ آباد شریف میں خلیفہ عزیز الرحمٰن طاہری سے ملاقات ہوئی، سائٹ وزٹ کی رپورٹ بتائی گئی، میڈیا کے حوالے سے سعید صاحب نے رپورٹ دی اور کئی تنظیمی معاملات پر بھی بات ہوئی





## روحانی طلبہ جماعت مرکزی وفد کا پنجاب زون 1 اور 2 اور سندھ زون 1 کا دورہ

### لاہور، قصور، فیصل آباد زون، 1، 2، 3 ننکانہ صاحب، ساہیوال زون، 1 اوکاڑہ، پاکپتن کا دورہ

### وہاڑی زون، 1، 2 ملتان، بہاولپور، سکھر، خیرپور، 1، 2 نوشہرو فیروز زون 1 و 2 کا بھی دورہ



